فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

وزارت توانائی (پاور ڈویژن)
حکومت پاکستان

FESCO

ایڈیشن: فروری 2026ء شمارہ نمبر: 179 جلد نمبر: 14 کل صفحات: 16

فیسکو نیوز





قارئین کرام کو

عید سعید

مبارک ہو

رمضان المبارک میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل سپلائی یقینی بنائی جارہی ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

ماہ صیام میں بجلی کی بلاتعطل ترسیل کی مسلسل مانیٹرنگ کیلئے فیسکو ہیڈکوارٹرز میں مرکزی کنٹرول روم قائم

سحر، افطار و تراویح کے اوقات میں 30 ڈپٹی ڈائریکٹرز/ڈائریکٹرز مختلف شفٹوں میں تعینات

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)

فیسکو نیوز

ایڈیشن: فروری 2026ء شمارہ نمبر: 179 جلد نمبر: 14 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ

انجینئر محمد عامر

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ

محمد منور خان

ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر

محمد سعید رضا

ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) فیسکو

ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



محمد شفیق



ایوب احمد

فوٹوگرافی



محمد وسیم

پبلشر
شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد
Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk

عرض مدیر

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں بالخصوص سحر و افطار اور تراویح کے اوقات میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ بجلی کی ترسیل کی مانیٹرنگ کیلئے افسران اور عملہ مختلف شفٹوں میں مرکزی کنٹرول روم اور فیلڈ دفاتر میں اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری طور پر نمٹا جا سکے۔ فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، سرگودھا، میانوالی، بھکر، خوشاب اور چنیوٹ میں ماہ صیام میں بجلی کی بلاتعطل ترسیل کی مانیٹرنگ کیلئے فیسکو ہیڈکوارٹرز میں قائم مرکزی کنٹرول روم کی مانیٹرنگ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر خود کر رہے ہیں۔ فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ، سرگودھا، میانوالی اور ٹوبہ ٹیک سنگھ میں لوڈ مینجمنٹ، ایل ٹی/ایچ ٹی بریک ڈاؤن، کسٹمر کمپلینٹ اور دیگر مسائل کے فوری ازالہ کیلئے اعلیٰ سطحی افسران اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ علاوہ ازیں فیسکو ہیڈکوارٹر میں قائم مرکزی کنٹرول سنٹر میں سحر، افطار و تراویح کے اوقات میں بجلی کی مسلسل ترسیل اور کسی بھی ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کیلئے 30 ڈپٹی ڈائریکٹرز/ڈائریکٹرز بھی مختلف شفٹوں میں ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات پر رمضان المبارک میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے تمام تر اقدامات کئے گئے ہیں تاکہ صارفین ماہ مقدس میں اپنی عبادات خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کر سکیں۔ صارفین کے مسائل کا فوری ازالہ نہ کرنے اور سستی برتنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

اس شمارے میں

04 عیدُ الفطر — روحانی کامیابی، شکرگزاری اور اخوتِ اسلامی کا عظیم دن — تحریر: انجینئر محمد سعید رضا ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز فیسکو
05 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر ماہ صیام میں بجلی کی بلاتعطل ترسیل کی مانیٹرنگ کیلئے فیسکو ہیڈکوارٹرز میں مرکزی کنٹرول روم قائم
06 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا فیسکو ہیڈکوارٹرز میں فیس بک پر منعقدہ ای کچہری کے موقع پر صارفین اور افسران سے خطاب
07 جنرل منیجر آپریشن فیسکو عمر حیات گوندل کا ڈسٹری بیوشن کنٹرول سنٹر میں رمضان المبارک کے حوالے سے قائم خصوصی مانیٹرنگ سیل کا دورہ
08 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا فیسکو شعبہ تعلقات عامہ کی ٹیم کو تعریفی سرٹیفکیٹس دینے کی تقریب سے خطاب
09 چیف لیگل آفیسر فیسکو بیرسٹر تیمور متین خان کا تمام آپریشن سرکلز میں لازمی قانونی آگاہی اور استعداد کار بڑھانے کیلئے منعقدہ خصوصی سیشنز سے خطاب
10 ریجنل ٹریننگ سنٹر میں اپرٹیکنیکل سٹاف کی پروموشن کلاس کی اختتامی تقریب سے ڈی جی ایچ آر غلام مجتبیٰ خان اور کمپنی سیکرٹری مظفر عباس کا خطاب
11 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر ایڈمن ڈائریکوریٹ فیسکو کی طرف سے ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے مختلف اقدامات
13 چیف انجینئر T&G (O&M) فیسکو انجینئر فیصل رضا مارتھ کا جی ایس او سرکل میں منعقدہ ایک خصوصی میٹنگ میں افسران سے خطاب
14 واپڈا انجینئرنگ اکیڈمی فیصل آباد میں 81 ویں اپرٹیکنیکل سبورڈینیٹس سٹاف کیلئے چھ ہفتوں پر محیط کورس کا انعقاد
15 شوکاز نوٹس برائے کارروائی

عیدُ الفطر — روحانی کامیابی، شکر گزاری اور اخوتِ اسلامی کا عظیم دن

تحریر: انجینئر محمد سعید رضا
ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) فیسکو



رمضان المبارک کی نورانی اور بابرکت گھڑیاں جب اپنے اختتام کو پہنچتی ہیں تو پورا عالمِ اسلام ایک عظیم الشان تہوار کا استقبال کرتا ہے جسے عیدُ الفطر کہا جاتا ہے۔ یہ دن محض ایک تہوار نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے فرمانبردار بندوں کے لیے انعام، رحمت اور قبولیت کی نوید ہے۔ ایک مہینے کے مسلسل روزوں، عبادات، قیام اللیل، تلاوتِ قرآن اور صبر و تحمل کے بعد مسلمان اس دن اپنے رب کے حضور شکر ادا کرتے ہیں کہ اُس نے انہیں رمضان جیسے مقدس مہینے کی سعادت عطا فرمائی۔

عید کا مطلب ہے لوٹ آنے والی خوشی، اور ''فطر'' کے معنی ہیں روزہ کھولنا۔ یوں عیدُ الفطر دراصل روزوں کے اختتام پر حاصل ہونے والی وہ خوشی ہے جو اطاعتِ الٰہی کے بعد نصیب ہوتی ہے۔ یہ خوشی محض ظاہری نمود و نمائش یا دنیاوی لذتوں تک محدود نہیں بلکہ یہ ایک روحانی کامیابی کا جشن ہے۔ رمضان المبارک میں مسلمان اپنے نفس کی اصلاح کرتا ہے، برائیوں سے بچنے کی کوشش کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی طلب کرتا ہے۔ عید کا دن اس جدوجہد کی تکمیل اور اللہ کی رحمتوں کے حصول کا اعلان ہے۔

اسلام نے عیدُ الفطر کو اجتماعی خوشی کا دن قرار دیا ہے۔ اس دن کی ابتدا غسل، صفائی، خوشبو لگانے اور اچھے لباس پہننے سے کی جاتی ہے، جو اس بات کی علامت ہے کہ مسلمان ظاہری اور باطنی پاکیزگی کو اختیار کرے۔ عیدگاہ یا مسجد میں ادا کی جانے والی نمازِ عید مسلمانوں کے اتحاد اور مساوات کا عملی مظاہرہ ہے۔ یہاں امیر و غریب، حاکم و محکوم، سب ایک ہی صف میں کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ کی کبریائی بیان کرتے ہیں۔ یہ منظر اسلامی اخوت، مساوات اور بھائی چارے کی بہترین تصویر پیش کرتا ہے۔

عیدُ الفطر سے پہلے صدقہ فطر ادا کرنا ہر صاحبِ استطاعت مسلمان پر لازم قرار دیا گیا ہے تاکہ معاشرے کے ضرورت مند افراد بھی عید کی خوشیوں میں شامل ہو سکیں۔ یہ اسلامی نظامِ معاشرت کی خوبصورتی ہے کہ خوشی کے موقع پر بھی غریبوں اور مساکین کو نظر انداز نہیں کیا جاتا۔ صدقہ فطر دراصل ہمدردی، مساوات اور سماجی ذمہ داری کا عملی اظہار ہے۔ اس سے دلوں میں محبت پیدا ہوتی ہے اور معاشرے میں محرومی کا احساس کم ہوتا ہے۔ عید کا دن ہمیں صلہ رحمی، محبت اور درگزر کا درس دیتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اس دن اپنے رشتہ داروں، پڑوسیوں، اساتذہ اور دوستوں سے ملاقات کریں، ناراضگیوں کو ختم کریں اور دلوں میں موجود کدورتوں کو مٹا دیں۔ حقیقی عید وہی ہے جس میں ہم دوسروں کو خوش کریں، یتیموں اور بیواؤں کا خیال رکھیں اور دکھی دلوں میں امید کی شمع روشن کریں۔ عید ہمیں یہ سبق بھی دیتی ہے کہ مسلمان کا کردار ہمیشہ امن، برداشت اور حسنِ سلوک کا مظہر ہونا چاہیے۔

عیدُ الفطر شکر گزاری کا دن ہے۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ اُس نے ہمیں ایمان کی دولت عطا فرمائی، رمضان کی عبادات کی توفیق دی اور عید کی خوشیوں تک پہنچایا۔ اسی طرح ہمیں اپنے وطنِ عزیز پاکستان کی سلامتی، ترقی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا کرنی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ اسے امن، خوشحالی اور اتحاد کا گہوارہ بنائے۔ آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری عبادات کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، ہمیں حقیقی تقویٰ نصیب کرے، ہمارے دلوں کو محبت اور اخوت سے بھر دے اور ہمیں عیدُ الفطر کی اصل روح کو سمجھ کر اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

رمضان المبارک میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل سپلائی یقینی بنائی جارہی ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں ماہ صیام میں بجلی کی بلاتعطل ترسیل کی مانیٹرنگ کیلئے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں مرکزی کنٹرول روم قائم

تمام سرکلز میں لوڈ مینجمنٹ، ایل ٹی/ایچ ٹی بریک ڈاؤن اور دیگر مسائل کے فوری ازالہ کیلئے اعلیٰ سطحی افسران بھی فرائض انجام دے رہے ہیں

تمام افسران اپنے دفاتر میں موجود اور رابطے میں رہیں تاکہ صارفین باآسانی ان سے ملاقات کرسکیں اور ان کے مسائل کا ازالہ ہو

رمضان المبارک میں کسی بھی ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کیلئے 30 ڈپٹی ڈائریکٹرز/ڈائریکٹرز کی مختلف شفٹوں میں ڈیوٹیاں بھی لگائی گئی ہیں



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں صارفین کو سحر و افطار اور تراویح کے اوقات میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے کمپنی انتظامیہ کی جانب سے خصوصی اقدامات مکمل کر لیے گئے۔ اس سلسلے میں افسران اور عملے کی خصوصی ڈیوٹیاں لگائی گئی ہیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری طور پر نمٹا جا سکے۔ فیسکو ریجن میں ماہ مبارک کے دوران بالخصوص سحر و افطار اور تراویح کے اوقات میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل سپلائی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، سرگودھا، میانوالی، بھکر، خوشاب اور چنیوٹ میں ماہ صیام میں بجلی کی بلاتعطل ترسیل کی مانیٹرنگ کیلئے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں مرکزی کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے جس کی مانیٹرنگ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر خود کر رہے ہیں۔ فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ، سرگودھا، میانوالی اور ٹوبہ ٹیک سنگھ میں لوڈ مینجمنٹ، ایل ٹی/ایچ ٹی بریک ڈاؤن، کسٹمر کمپلینٹ اور دیگر مسائل کے فوری ازالہ کیلئے اعلیٰ سطحی افسران اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں جن میں چیف انجینئر مبشر حیات راؤ فرسٹ سرکل، چیف انجینئر (پلاننگ اینڈ ڈیزائن) عامر محبوب الٰہی سیکنڈ سرکل، چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ٹی اینڈ جی فیصل رضا مارتھ جھنگ سرکل، چیف انجینئر (ٹیکنیکل سروسز) شہباز محمود سرگودھا سرکل، چیف انجینئر (کسٹمر سروسز) اصغر حسین قزلباش میانوالی سرکل اور چیف انجینئر (ڈویلپمنٹ) محمد وقاص بیگ ٹوبہ سرکل کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ چیف انجینئر آپریشن محمد سعید تمام معاملات میں بطور کوآرڈینیٹر جبکہ جنرل منیجر آپریشن عمر حیات گوندل تمام آپریشنل سرگرمیوں اور افسران کی پرفارمنس کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کو روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔ اسی طرح آپریشن سرکلز کی ذمہ دار ٹیم میں ایس ای فرسٹ سرکل محمد امیر خان، ایس ای سیکنڈ سرکل سید سلیم شاہ، ایس ای جھنگ سرکل محمد افضل، ایس ای سرگودھا ابرار احمد خان، ایس ای میانوالی سرکل محمد بلال اقبال اور ایس ای ٹوبہ سرکل عصمت اللہ شامل ہیں۔ علاوہ ازیں فیسکو ہیڈ کوارٹر میں قائم مرکزی کنٹرول سنٹر میں سحر، افطار و تراویح کے اوقات میں بجلی کی مسلسل ترسیل اور کسی بھی ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کیلئے 30 ڈپٹی ڈائریکٹرز/ڈائریکٹرز کی مختلف شفٹوں میں ڈیوٹیاں بھی لگائی گئی ہیں۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے تمام افسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ 24/7 اپنے دفاتر میں موجود اور رابطے میں رہیں تاکہ صارفین باآسانی ان سے ملاقات کرسکیں اور ان کے مسائل کا ازالہ ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے تمام تر اقدامات کئے جارہے ہیں تاکہ صارفین ماہ مقدس میں اپنی عبادات خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کرسکیں۔ سستی اور کاہلی برتنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ صارفین اپنی شکایات کا اندراج فیسکو سمارٹ ایپ، ہیلپ لائن نمبر 118، ٹال فری نمبر 0800-66554، ایس ایم ایس سروس 8118 پر بھی کرواسکتے ہیں جس پر فوری ایکشن لیا جائے گا۔ مزید براں سب ڈویژنوں کو اضافی ٹرانسفارمرز الیاں اور دیگر سامان مہیا کر دیا گیا ہے جبکہ ریجنل/فیلڈ سٹور سامان کی دستیابی کیلئے چوبیس گھنٹے کھلے رہیں گے۔

صارفین کے مسائل ان کی دہلیز پر گھر بیٹھے ایک کلک پر حل کئے جارہے ہیں

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

فیسکو ریجن میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل سپلائی اور بہترین خدمات کی فراہمی کیلئے تمام تر اقدامات بروئے کار لائے جارہے ہیں

فیسکو کے تمام سرکلز میں نئے کنکشنز کی تنصیب، خراب میٹروں کی تبدیلی اور بجلی سے متعلقہ دیگر مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جارہے ہیں

صارفین گھر بیٹھے آن لائن اپنی شکایات براہ راست چیف ایگزیکٹو آفیسر تک پہنچا رہے ہیں، جس سے صارف دوست ماحول پیدا ہو رہا ہے

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں فیس بک پر منعقدہ ای کچہری کے موقع پر صارفین اور افسران سے خطاب

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے کہا ہے کہ صارفین کے مسائل کا ازالہ فیسکو کی اولین ترجیح ہے جس کیلئے کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ فیسکو ریجن میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل سپلائی اور ان کو بہترین خدمات کی فراہمی کیلئے تمام تر اقدامات بروئے کار لائے جارہے ہیں جبکہ نئے کنکشنز کی تنصیب، خراب میٹروں کی تبدیلی اور بجلی سے متعلقہ دیگر مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جارہے ہیں۔ یہ باتیں انھوں نے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات پر فیس بک پر منعقدہ ای کچہری کے موقع پر کہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صارفین کے مسائل ان کی دہلیز پر گھر بیٹھے ایک کلک پر حل کئے جارہے ہیں۔ حکومتی ویژن کی روشنی میں کھلی کچہریوں کا انعقاد صارفین بجلی کے مسائل کو فوری حل کرنے میں بہت مددگار ثابت ہو رہا ہے۔ صارفین کو گھر بیٹھے آن لائن اپنی شکایات براہ راست چیف ایگزیکٹو آفیسر تک پہنچانے کی سہولت فراہم کی گئی ہے جس سے صارفین اور فیسکو انتظامیہ کے درمیان صارف دوست ماحول پیدا ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیسکو اپنے صارفین کو کوالٹی سروس کی فراہمی پر عمل پیرا ہے اور مستقبل میں بھی مزید صارف دوست پالیسیاں بنائی جارہی ہیں جن سے صارفین اور فیسکو سٹاف کے مابین رابطوں اور اعتماد کی فضا قائم ہوگی۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو نے صارفین سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے گردونواح میں بجلی چوری کی وارداتوں پر گہری نظر رکھیں اور بجلی چوری کے خاتمے کیلئے فیسکو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں تاکہ فیسکو سے بجلی چوری کا مکمل خاتمہ ممکن ہو سکے۔ چیف ایگزیکٹو انجینئر محمد عامر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ فیسکو اپنے صارفین کو معیاری اور بروقت خدمات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گا اور مستقبل میں بھی مزید صارف دوست پالیسیاں متعارف کرائی جائیں گی تاکہ صارفین کا اعتماد مزید مستحکم ہو اور بجلی کی فراہمی کا نظام مزید بہتر بنایا جا سکے۔ فیس بک پر دو گھنٹے تک جاری رہنے والی ای کچہری کے دوران فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع فیصل آباد، چنیوٹ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جھنگ، سرگودھا، میانوالی، خوشاب اور بھکر کے صارفین نے مختلف نوعیت کے مسائل جن میں نئے کنکشنوں کی جلد تنصیب، پرانے اور خستہ حال پول/تاروں کی تبدیلی، ٹرانسفارمرز کی تبدیلی/اپ گریڈیشن، خراب میٹروں کی تبدیلی سمیت وولٹیج کی کمی بیشی سے آگاہ کیا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے صارفین کے مسائل کے جلد ازالے کیلئے متعلقہ افسران کو فوری احکامات جاری کئے۔ اس موقع پر فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز کے سپرنٹنڈنگ انجینئرز بھی آن لائن موجود تھے۔ آن لائن کچہری میں چیف انجینئر کسٹمر سروسز اصغر حسین قزلباش، ڈائریکٹر پی آر محمد سعید رضا، سٹاف آفیسر راؤ محمد زبیر اور ڈپٹی ڈائریکٹر کمپلینٹس حافظ محمد شہزاد بھی موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں فیس بک پر منعقدہ کھلی کچہری میں صارفین بجلی کی شکایات سن رہے ہیں

پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ وزارت اطلاعات ونشریات کا فیسکو کو اشتہاری واجبات کی بروقت ادائیگی پر خراجِ تحسین

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی قیادت میں مالی سال 25–2024 میں اشتہاری معاملات کی بروقت کلیئرنس کی

اشتہاری نظام میں شفافیت، میڈیا اور حکومتی اداروں کے درمیان اعتماد مضبوط ہوا ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا فیسکو شعبہ تعلقات عامہ کی ٹیم کو تعریفی سرٹیفکیٹس دینے کی تقریب سے خطاب

پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ وزارتِ اطلاعات ونشریات، حکومتِ پاکستان کا فیسکو کو مالی سال 25–2024 کے دوران اشتہاری واجبات کی بروقت ادائیگی پر خراجِ تحسین۔ پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کئے گئے خصوصی مراسلے میں فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی جانب سے مالی سال 25–2024 کے دوران اشتہاری واجبات کی بروقت ادائیگی اور کلیئرنس پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر، ڈائریکٹر پی آر محمد سعید رضا اور پبلک ریلیشنز ڈائریکٹوریٹ کی تعریف۔ مراسلے میں ڈائریکٹر جنرل پی آئی ڈی شفقت عباس نے اس امر کی نشاندہی کی کہ PID اپنی ذیلی وہم منصب سرکاری اداروں کے ساتھ مل کر اشتہارات کی بلنگ اور ادائیگی کے نظام کو مؤثر، مربوط اور شفاف بنانے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہا ہے۔ انھوں نے اس سلسلے میں فیسکو انتظامیہ کے بروقت ردِعمل اور اشتہاری واجبات کی مقررہ مدت کے اندر ادائیگی کو قابلِ تحسین قرار دیا گیا ہے، جس سے نہ صرف اخباری صنعت کے مابین باہمی تعاون کو فروغ ملا بلکہ میڈیا اور حکومت کے درمیان اعتماد اور پیشہ ورانہ تعلقات بھی مزید مضبوط ہوئے۔ ڈی جی (پی آئی ڈی) نے فیسکو کے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر، ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) محمد سعید رضا اور ان کی ٹیم کی خصوصی طور پر تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان کی محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے باعث مطلوبہ ریکارڈ بروقت اور مقررہ طریقہ کار کے مطابق فراہم کیا گیا، جس سے اشتہاری امور کی تکمیل میں نمایاں سہولت حاصل ہوئی۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ فیسکو مستقبل میں اسی طرح مثالی کارکردگی اور نظم وضبط کا مظاہرہ کرتا رہے گا۔ جو نہ صرف دونوں اداروں کے درمیان ہم آہنگی اور باہمی رابطہ مزید مضبوط کرے گا بلکہ اشتہارات کی بروقت اشاعت میں معاون ثابت ہوگا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے فیسکو پبلک ریلیشنز ڈائریکٹوریٹ کی وزارتِ اطلاعات ونشریات کی طرف سے پذیرائی پر ان کو مبارکباد دی اور کہا کہ یہ تعریفی خط محنت، لگن اور محکمے کے ساتھ نیک نیتی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ فیسکو کے تمام شعبہ جات اسی طرح فیسکو سے اپنی وابستگی کو ثابت کریں گے اور اس کا نام ملک کی ممتاز ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں بلند رہے گا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے اس شاندار کارکردگی پر ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد سعید رضا، اسسٹنٹ پی آر ایوب احمد یعقوب، محمد شفیق، اویس دانش اور محمد مزمل کو تعریفی سرٹیفکیٹس بھی دیئے۔ اس موقع پر جنرل منیجر آپریشن عمر حیات گوندل، کمپنی سیکرٹری مظفر عباس، ڈی جی لیگل فرخ آفتاب اور ڈی جی ایڈمن محمد منور خان بھی موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز فیسکو انجینئر محمد سعید رضا اور شعبہ تعلقات عامہ کی ٹیم کو تعریفی سرٹیفکیٹس دے رہے ہیں

صارفین کو بجلی کی محفوظ اور مسلسل فراہمی فیسکو کی اولین ترجیح ہے

عمر حیات گوندل
جنرل منیجر آپریشن

رمضان المبارک میں فیسکو ریجن کے صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے فیسکو کے ڈسٹری بیوشن سسٹم کو اپ گریڈ کر دیا گیا ہے

بجلی کی تسلسل کے ساتھ فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، غیر معمولی بجلی بندش پر سٹاف کے خلاف فوری محکمانہ ایکشن لیا جائے گا

جنرل منیجر آپریشن فیسکو عمر حیات گوندل کا ڈسٹری بیوشن کنٹرول سنٹر میں رمضان المبارک کے حوالے سے قائم خصوصی مانیٹرنگ سیل کا دورہ

چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینیر محمد عامر کی ہدایت پر جنرل منیجر آپریشن فیسکو عمر حیات گوندل نے فیسکو ڈسٹری بیوشن کنٹرول سنٹر میں رمضان المبارک کے حوالے سے قائم خصوصی مانیٹرنگ سیل کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چیف انجینیر آپریشن محمد سعید، ایڈیشنل ڈائریکٹر ڈسٹری بیوشن کنٹرول سنٹر ثاقب گیلانی اور ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد سعید رضا بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ رمضان المبارک میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے فیسکو کے ڈسٹری بیوشن سسٹم کو اپ گریڈ کر دیا گیا ہے۔ ریجن بھر میں درجنوں فیڈرز کی ایریا پلاننگ اور ہزاروں ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز کی مرمت کے ساتھ ساتھ بوسیدہ تاروں کی تبدیلی کے منصوبے مکمل کئے گئے تاکہ صارفین بجلی کو رمضان المبارک میں زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بجلی کی تسلسل کے ساتھ فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اگر ریجن کے کسی بھی علاقہ میں بجلی کی غیر معمولی بندش ہوئی تو متعلقہ افسران ذمہ دار ہوں گے اور ان کے خلاف فوری محکمانہ ایکشن لیا جائے گا۔ عمر حیات گوندل نے مزید کہا کہ تمام سب ڈویژنل دفاتر میں ٹرانسفارمر ٹرالیاں موجود ہیں۔ سحر، افطار اور تراویح کے اوقات میں ٹرانسفارمر جلنے کی صورت میں فوری طور پر ٹرالی ٹرانسفارمر نصب کر کے بجلی بحال کی جائے تاکہ صارفین کو دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے اور فوری طور پر بجلی کی بحالی ممکن ہو سکے۔ انھوں نے ہدایت کی کہ ماہ مبارک میں سب ڈویژنل شکایات سنٹر اور گرڈ سٹیشنوں میں سٹاف کی ڈیوٹیاں لگا دی گئی ہیں تین شفٹوں میں سٹاف موجود رہے گا تاکہ کسی بھی فیڈر پر بریک ڈاؤن آنے کی صورت میں یا بجلی بندش کم سے کم وقت میں بجلی کی بحالی ممکن بنائی جا سکے۔ انھوں نے کہا کہ بجلی بندش کی صورت میں فرسٹ سرکل کے صارفین اپنی شکایات کا اندراج فون نمبر 041-9200641,0370-1813109 پر، سیکنڈ سرکل کے صارفین فون نمبر 041-9330063,0370-1813207 پر، جھنگ سرکل کے صارفین فون نمبر 047-9200220,0370-1813302 پر، سرگودھا سرکل کے صارفین فون نمبر 048-9232378,0370-1813409 پر، میانوالی سرکل کے صارفین فون نمبر 0459-920033,0370-1813506 پر اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سرکل کے صارفین 046-9201119,0370-1813609 پر بھی کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے تمام تر اقدامات کئے جا رہے ہیں تاکہ صارفین ماہ مقدس میں اپنی عبادات خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کر سکیں۔



جنرل منیجر آپریشن فیسکو عمر حیات گوندل اور دیگر افسران ڈسٹری بیوشن کنٹرول سنٹر میں رمضان لمبارک کے حوالے سے قائم خصوصی مانیٹرنگ سیل کا دورہ کر رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر بجلی چوری کے خلاف قانونی کارروائی کو مزید موثر بنانے کیلئے لیگل ڈائریکٹوریٹ فیسکو کا تمام سرکلز میں سیشنز کا انعقاد

بجلی چوری کے خلاف قانونی کارروائیوں کو مزید موثر اور مربوط حکمت عملی بنانے پر عمل پیرا ہیں

بیرسٹر تیمور متین خان
چیف لیگل آفیسر فیسکو

بجلی چوری کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت شفاف، مضبوط اور نتیجہ خیز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی

فیسکو ریجن میں قانونی پیچیدگیوں بارے آگاہی سے مجموعی کارکردگی بہتر اور ادارے کو قانونی اور مالی استحکام حاصل ہوگا

ان سیشنز کا بنیادی مقصد ایکسٹرنل لیگل کونسلز کی کارکردگی کا جائزہ لینا اور فیلڈ افسران کو ان کے قانونی و آئینی کردار سے آگاہ کرنا ہے

چیف لیگل آفیسر فیسکو بیرسٹر تیمور متین خان کا تمام آپریشن سرکلز میں لازمی قانونی آگاہی اور استعداد کار بڑھانے کیلئے منعقدہ خصوصی سیشنز سے خطاب



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) بجلی چوری کے خلاف قانونی کارروائی کو مزید موثر بنانے کیلئے جامع اور مربوط حکمت عملی بنانے پر عمل پیرا ہے تاکہ بجلی چوروں کو پابند سلاسل کیا جائے اور فیسکو سے بجلی

چیف لیگل آفیسر فیسکو بیرسٹر تیمور متین خان لازمی قانونی آگاہی اور استعداد کار بڑھانے کیلئے منعقدہ خصوصی سیشنز میں فیسکو کے سپرنٹنڈنگ انجینئرز آپریشن اور وکلاء سے خطاب کر رہے ہیں

چوری کا مکمل خاتمہ ممکن ہو یہ باتیں چیف لیگل آفیسر فیسکو بیرسٹر تیمور متین خان نے فیسکو کے فیصل آباد فرسٹ، فیصل آباد سیکنڈ، سرگودھا، میانوالی، جھنگ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سرکلز کے سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئر اور ایس ڈی اوز کیلئے لازمی قانونی آگاہی اور استعداد کار بڑھانے کیلئے منعقدہ خصوصی سیشنز کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ انھوں نے کہا کہ ان سیشنز کا بنیادی مقصد فیلڈ افسران اور فیسکو پینل کے وکلا کے ساتھ باضابطہ روابط کو مزید فعال بنانا، بجلی چوری کے خلاف مؤثر قانونی کارروائی کو یقینی بنانا اور عدالتی مقدمات میں کامیابی کی شرح بڑھانے کے لیے ایک جامع اور منظم حکمت عملی کا تشکیل دینا ہے۔ سیشنز کے دوران بیرسٹر تیمور متین کی جانب سے بجلی چوری کے خلاف سخت قانونی کارروائی، انتظامی امور، ایف آئی آر کے اندراج، ٹرائل کے مراحل، شواہد اکٹھا کرنا، اور پیچیدہ کیسز کی تیاری جیسے اہم پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا۔ انہوں نے تمام فیلڈ آفیسرز کو ہدایت کی کہ وہ ایف آئی آر کے اندراج میں موڈ آف تھیفٹ، کنیکٹو لوڈ، اشیاء، چیکنگ کی صحیح تاریخ اور وقت، بجلی چور اور متعلقہ سب ڈویژن کا مکمل ایڈریس کا اندراج، اور اس کے ساتھ ثبوت جیسے تصویریں، بلنگ ہسٹری، گواہان کی موجودگی اور میٹر کا









اکاؤنٹ نمبر لازمی درج کروایا جائے۔انہوں نے فیسکو کے پینل پر موجود وکلاء سے سرکل وائز سیشن بھی کیے اور کہا کہ وہ بجلی چوروں کے مقدمات کی پیروی کریں اور تمام قانونی تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے بجلی چوروں کو سزا دلوانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔اس سے فیسکو کی مجموعی کارکردگی بہتر ہوگئی اور ادارے کو قانونی اور مالی استحکام حاصل ہوگا۔انھوں نے کہا ان سیشنز کا بنیادی مقصد میں ایکسٹرنل لیگل کونسلز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ فیلڈ افسران کو ان کے قانونی و آئینی کردار سے آگاہ کرنا ہے تاکہ وہ بجلی چوری کے مقدمات میں طریقہ کار کی مکمل پابندی کو یقینی بنائیں اور مضبوط کیسز تیار کریں جو عدالتوں میں مؤثر طور پر قابلِ دفاع ہوں اور بجلی چوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے میں پراسیکیوشن کو بھرپور سپورٹ فراہم کریں۔انھوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بجلی چوری کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت تمام قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے شفاف، مضبوط اور نتیجہ خیز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ قومی وسائل کا تحفظ اور صارفین کے مفادات کا دفاع یقینی بنایا جا سکے۔انھوں نے تمام سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئرز اور سب ڈویژنل آفیسرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ مستقبل میں منعقدہ ایسے سیشنز میں شرکت کریں اور کہا کہ فیسکو لیگل ڈائریکٹوریٹ بجلی چوری جیسے سنگین جرم کی مکمل خاتمے کیلئے تمام دفاتر کی قانونی معاونت کیلئے ہمہ وقت موجود ہے۔آخر میں بیرسٹر تیمور متین نے فیسکو کے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ بجلی چوری کے خاتمے، قانونی شفافیت کے فروغ اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے، تاکہ قومی وسائل کا تحفظ اور ادارے کی مالی استحکام کو یقینی بنایا جا سکے۔سیشنز میں ایس ای فرسٹ سرکل محمد امیر خان، ایس ای سیکنڈ سرکل سید سلیم شاہ، جھنگ سرکل محمد افضل کاٹھیا، سرگودھا سرکل ابرار احمد اور میانوالی سرکل بلال اقبال، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیٹیگیشن حافظ انصر، ایگزیکٹو انجینئرز، سب ڈویژنل آفیسرز اور فیسکو کے ایکسٹرنل لیگل کونسلز نے شرکت کی۔





ترقی صرف عہدے کی تبدیلی نہیں بلکہ ذمہ داریوں میں اضافہ ہے

ڈی جی (ایچ آر) فیسکو
غلام مجتبیٰ خان

فیسکو انتظامیہ افسران وملازمین کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کیلئے مسلسل اقدامات کئے جارہے ہیں

صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی، سسٹم کی بہتری اور نظم وضبط کو یقینی بنائیں اور ان کے بجلی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں

ریجنل ٹریننگ سنٹر میں اپر ٹیکنیکل سٹاف (یو ٹی ایس) کی پروموشن کلاس کی اختتامی تقریب سے ڈی جی ایچ آر غلام مجتبیٰ خان اور کمپنی سیکرٹری مظفر عباس کا خطاب

فیسکو ریجنل ٹریننگ سینٹر میں اپر ٹیکنیکل سٹاف (یوٹی ایس) کی پروموشن کلاس کی اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔ پروموشن کلاس میں لائن سپرنٹنڈنٹ ون اور سب اسٹیشن آپریٹرون کو سب ڈویژنل آفیسر (ایس ڈی او) کے عہدے پر ترقی کے لیے جدید تکنیکی، انتظامی اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی گئی۔ اختتامی تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈائریکٹر جنرل (ہیومن ریسورسز) غلام مجتبیٰ خان تھے جبکہ کمپنی سیکرٹری فیسکو مظفر عباس نے بطور چیف گیسٹ تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈائریکٹر ریجنل ٹریننگ سینٹر سجاد حیدر اعوان اور انسٹرکٹر حضرات بھی موجود تھے۔ مہمان خصوصی ڈی جی (ایچ آر) فیسکو غلام مجتبیٰ خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ فیسکو انتظامیہ افسران وملازمین کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی صرف عہدے کی تبدیلی نہیں بلکہ ذمہ داریوں میں اضافہ ہے۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ ٹریننگ کامیابی سے مکمل کرنے والے ملازمین اپنے فرائض نہایت دیانت داری، محنت اور لگن سے انجام دیں گے۔ انہوں نے تربیتی پروگرام کے کامیاب انعقاد پر ریجنل ٹریننگ سینٹر کی انتظامیہ کی کارکردگی کو بھی سراہا۔ چیف گیسٹ کمپنی سیکرٹری فیسکو مظفر عباس نے اپنے خطاب میں تربیت مکمل کرنے والے افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے پروگرام ادارے کی مجموعی کارکردگی بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ٹریننگ کے شرکاء صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی، سسٹم کی بہتری اور نظم وضبط کو یقینی بنائیں اور صارفین بجلی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر ریجنل ٹریننگ سینٹر سجاد حیدر اعوان نے اپنے خطاب میں ٹریننگ کے مختلف مراحل اور مقاصد پر روشنی ڈالی اور کہا کہ تربیتی عمل میں تکنیکی مہارت کے ساتھ ساتھ لیڈرشپ اور فیصلہ سازی کی صلاحیتوں پر بھی خصوصی توجہ دی گئی۔ انھوں نے مزید کہا کہ آر ٹی سی میں ملازمین کو جدید تقاضوں کے مطابق تربیت فراہم کی جاتی ہے تاکہ وہ دفتری امور بخوبی انجام دے سکیں۔ نتائج کے مطابق لائن سپرنٹنڈنٹ ون ناصر صدیق نے تیسری پوزیشن، سب اسٹیشن آپریٹرون محمد رضوان نور نے دوسری پوزیشن جبکہ لائن سپرنٹنڈنٹ ون سنیل اسلم نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ تقریب کے اختتام پر ڈی جی (ایچ آر) فیسکو غلام مجتبیٰ، کمپنی سیکرٹری فیسکو مظفر عباس اور ایڈیشنل ڈائریکٹر آر ٹی سی سجاد حیدر اعوان نے ٹریننگ مکمل کرنے والے ملازمین میں سرٹیفکیٹس اور شیلڈز تقسیم کی گئیں۔



ڈی جی (ایچ آر) فیسکو غلام مجتبیٰ خان، کمپنی سیکرٹری فیسکو مظفر عباس اور ایڈیشنل ڈائریکٹر آر ٹی سی سجاد حیدر اعوان یو ٹی ایس ٹریننگ کی اختتامی تقریب میں شرکاء کو سرٹیفکیٹس اور شیلڈز دے رہے ہیں

فیسکو ملازمین اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کیلئے مختلف اقدامات کئے جارہے ہیں



محمد منور خان
ڈائریکٹر جنرل ایڈمن

مختلف کیڈرز کے افسران وملازمین کے 44 بچوں کو تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر وظائف کا اجرا کیا گیا

مختلف کیڈرز کے ریٹائرڈ اور وفات پا جانے والے 32 ملازمین کو بچوں کی شادی پر اخراجات کی مد میں میرج گرانٹ کی منظوری

ملازمین کی فلاح و بہبود کے یہ اقدامات صرف ایک وقتی عمل نہیں بلکہ ایک مسلسل پالیسی کا حصہ ہیں، جو مستقبل میں بھی جاری رہے گی

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینیر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے مختلف اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں فیسکو کے ایڈمن ڈائریکٹوریٹ نے ملازمین کے بچوں کو تعلیمی وظائف کی ادائیگی کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل ایڈمن محمد منور خان نے بتایا کہ یہ اقدام کمپنی کی جانب سے ملازمین کی فلاح و بہبود کے تسلسل میں ایک اہم قدم ہے جس کا مقصد ملازمین کے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنا اور ان کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ فیسکو کے مختلف کیڈرز کے افسران وملازمین کے 44 بچوں جنہوں نے تعلیمی سال 25-2024 نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا کو وظائف کا اجرا کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ کلاس نہم کے گیارہ طالب علموں کو 2 لاکھ 80 ہزار روپے، میٹرک کے 3 طالب علموں کو 80 ہزار روپے ہزار، فرسٹ ائیر کے 13 طالب علموں کو 4 لاکھ، سیکنڈ ائیر کے 5 طالب علموں کو ایک لاکھ 50 ہزار، مختلف بیچلر ڈگری پروگرام کے 8 طلبا کو تین لاکھ 90 ہزار روپے اور ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ کے تین طالب علموں کو ایک لاکھ 20 ہزار روپے بطور سکالرشپ دیئے گئے۔ وہ ملازمین جنہوں نے اپنے بچوں کے تعلیمی وظائف کے لیے درخواستیں جمع کروائی تھیں، ایڈمن ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے ان کے وظائف کی رقم باقاعدہ جانچ پڑتال کے بعد منظور کر لی گئی ہے۔ ڈی جی ایڈمن محمد منور خان نے کہا ہے کمپنی ہمیشہ اپنے محنتی ملازمین کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ان کے بچوں کی تعلیمی ترقی کو اپنی ترجیحات میں شامل کرتی ہے۔ فیسکو ملازمین کی جانب سے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینیر محمد عامر کے اس اقدام کو سراہا گیا اور امید ظاہر کی گئی کہ محنتی، ذہین اور مستحق طلبا کی حوصلہ افزائی کیلئے تعلیمی وظائف دینے کا یہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔ علاوہ ازیں فیسکو کے مختلف کیڈرز کے ریٹائرڈ اور وفات پا جانے والے 32 ملازمین کو بچوں کی شادی پر اخراجات کی مد میں میرج گرانٹ کی منظوری بھی دے دی گئی۔ ریٹائرڈ اور وفات پا جانے والے ملازمین کے بچوں کو شادی کی مد میں 2 لاکھ روپے فی کس جاری کرنے کے احکامات جاری کئے گئے ہیں۔ ڈی جی ایڈمن محمد منور خان کے مطابق ملازمین کی فلاح و بہبود کے یہ اقدامات صرف ایک وقتی عمل نہیں بلکہ ایک مسلسل پالیسی کا حصہ ہیں، جو مستقبل میں بھی جاری رہے گی۔ انھوں نے کہا کہ فیسکو انتظامیہ ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے معیارِ زندگی میں بہتری کے لیے مزید ایسے اقدامات کرتی رہے گی۔ فیسکو کا یہ اقدام فیسکو کی جانب سے ملازمین کی فلاح و بہبود کے عزم کی واضح مثال ہے۔

محمد اسلم لائن سپرنٹنڈنٹ سیکنڈ کا اعزاز: پروموشن ٹریننگ میں فرسٹ پوزیشن حاصل کر لی



شاہ جیونہ سب ڈویژن فیسکو جھنگ کے لائن سپرنٹنڈنٹ سیکنڈ محمد اسلم نے لائن سپرنٹنڈنٹ سیکنڈ ٹو سے لائن سپرنٹنڈنٹ ون کی محکمانہ ٹریننگ برائے ترقی میں فرسٹ پوزیشن حاصل کر لی۔ مذکورہ ٹریننگ مورخہ 20 اکتوبر تا 26 دسمبر 2025 تک سرکل ٹریننگ سنٹر فیسکو جھنگ میں منعقد ہوئی جس میں محمد اسلم نے اپنی محنت اور لگن سے 80 فیصد نمبرز حاصل کر کے پہلی پوزیشن لی۔ ان کی اس کامیابی پر ان کے ساتھیوں اور افسران نے انہیں دلی مبارکباد دی ہے۔

موسمِ گرما میں بجلی کی مسلسل فراہمی کیلئے تمام تکنیکی اور انتظامی اقدامات مکمل کر لئے گئے ہیں

انجینئر فیصل رضا مارتھ
چیف انجینئر T&G(O&M)

مختلف گرڈ اسٹیشنوں کی استعداد کار میں اضافہ، ٹرانسمیشن لائنوں کی بہتری کے منصوبوں اور آلات کی جانچ پڑتال کو مکمل کر لیا گیا ہے

بجلی کی بڑھتی ہوئی طلب کو مدنظر رکھتے ہوئے فیسکو ریجن کے 10 عدد 132 کے وی گرڈ اسٹیشنوں کی استعداد کار میں اضافہ کیا گیا ہے

بجلی کی ترسیل کے نظام کو مزید مضبوط کرنے کیلئے ان اور آؤٹ ٹرانسمیشن لائنوں کی تنصیب اور بہتری کے منصوبے بھی مکمل کئے گئے ہیں

چیف انجینئر T&G (O&M) فیسکو انجینئر فیصل رضا مارتھ کا جی ایس او سرکل میں منعقدہ ایک خصوصی میٹنگ میں افسران سے خطاب

چیف انجینئر T&G (O&M) فیسکو انجینئر فیصل رضا مارتھ نے کہا ہے کہ آنے والے موسمِ گرما میں صارفین کو بجلی کی مسلسل فراہمی یقینی بنانے کیلئے تمام ضروری تکنیکی اور انتظامی اقدامات مکمل کر لئے گئے ہیں اس سلسلے میں فیسکو کے مختلف گرڈ اسٹیشنوں کی استعداد کار میں اضافہ، ٹرانسمیشن لائنوں کی بہتری کے منصوبوں اور آلات کی مکمل جانچ پڑتال کو مکمل کر لیا گیا ہے انھوں نے یہ باتیں جی ایس او سرکل میں منعقدہ ایک خصوصی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر بجلی کی بڑھتی ہوئی طلب کو مدنظر رکھتے ہوئے فیسکو ریجن کے 10 عدد 132 کے وی گرڈ اسٹیشنوں کی استعداد کار میں اضافہ کیا گیا۔ ان گرڈ اسٹیشنوں میں 132 کے وی فاضل، 132 کے وی کوٹ مومن، 132 کے وی بنڈالہ، 132 کے وی خانوآنہ، 132 کے وی اڈا گوجرہ، 132 کے وی سٹیم پاور اسٹیشن، 132 کے وی سکارپ کالونی، 132 کے وی شورکوٹ روڈ، 132 کے وی کلورکوٹ نیو اور 132 کے وی بھمب گرڈ اسٹیشن شامل ہیں۔ ان اپ گریڈیشن اقدامات کے ذریعے نہ صرف بجلی کی تقسیم کی استعداد میں اضافہ ہوا ہے بلکہ گرمیوں کے دوران لوڈ کو بہتر انداز میں منظّم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ چیف انجینئر فیصل رضا مارتھ نے مزید بتایا کہ مختلف گرڈ اسٹیشنوں کی ان اور آؤٹ ٹرانسمیشن لائنوں کی تنصیب اور بہتری کے منصوبے بھی مکمل کئے گئے ہیں تا کہ بجلی کی ترسیل کے نظام کو مزید مضبوط اور قابلِ اعتماد بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ فیسکو کے گرڈ اسٹیشنوں میں نصب پاور ٹرانسفارمرز کی مکمل اوور ہالنگ کی گئی ہے جبکہ ان کی سی اینڈ ڈی ایف ٹیسٹنگ اور آئل ٹیسٹنگ بھی کامیابی سے مکمل کی جا چکی ہے۔ اس کے علاوہ نظام کی بہتر کارکردگی کو یقینی بنانے کیلئے ایچ ٹی سرکٹ بریکرز کی کنٹیکٹ ریزسٹنس ٹیسٹنگ، پیورٹی ٹیسٹنگ اور آئل ٹیسٹنگ بھی کی گئی ہے تا کہ کسی بھی ممکنہ فنی خرابی سے قبل ہی نمٹا جا سکے۔ انجینئر فیصل رضا مارتھ نے بتایا کہ بجلی کی وولٹیج میں کمی کے مسئلے پر قابو پانے کیلئے مختلف گرڈ اسٹیشنوں پر مجموعی طور پر 31.5 ایم وی اے استعداد کے کپیسٹر ز نصب کئے گئے ہیں۔ ان میں کوٹ مومن، چک نمبر 430 جے بی، چنیوٹ روڈ اور کلورکوٹ نیو گرڈ اسٹیشنوں پر 7.2 ایم وی اے کے کپیسٹر ز نصب کئے گئے ہیں، جبکہ بنڈالہ گرڈ اسٹیشن پر 2.4 ایم وی اے کے کپیسٹر ز کی تنصیب عمل میں لائی گئی ہے۔ ان اقدامات سے وولٹیج پروفائل میں نمایاں بہتری آئے گی اور صارفین کو بہتر معیار کی بجلی فراہم کی جا سکے گی۔ چیف انجینئر نے کہا کہ جی ایس او کی ٹیکنیکل ٹیمیں گرمیوں کے دوران بجلی کی طلب میں اضافے سے نمٹنے کیلئے مکمل طور پر تیار ہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے پیشگی منصوبہ بندی کی جا چکی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ فیسکو اپنے صارفین کو زیادہ سے زیادہ مستحکم، محفوظ اور معیاری بجلی کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنگ انجینئر (جی ایس او) زبدۃ الضیاء، ایکسئین اعجاز اللہ، ایکسئین الطاف کاشف، ایکسئین محمد رمضان اور ایکسئین نصر اللہ بھی موجود تھے۔



چیف انجینئر T&G (O&M) فیسکو انجینئر فیصل رضا مارتھ جی ایس او سرکل کے افسران سے خطاب کر رہے ہیں

واپڈا انجینئرنگ اکیڈمی فیصل آباد میں 81ویں اپر ٹیکنیکل سبورڈینیٹس سٹاف کیلئے چھ ہفتوں پر محیط کورس کا انعقاد

ایل ایس ون/ایس ایس اوون سے جونیئر انجینئرز ترقی کیلئے منعقدہ اس کورس میں ملک بھر کی ڈسکوز سے 49 ملازمین نے شرکت کی

فیسکو کے ایس ایس اوون عبدالوحید نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مجموعی طور پر پہلی پوزیشن حاصل کی

ایسے کورسز ملازمین کو نہ صرف تکنیکی لحاظ سے مضبوط کرتے ہیں بلکہ انہیں ادارے کی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کے قابل بناتے ہیں

81ویں اپر ٹیکنیکل سبورڈینیٹس سٹاف کے کورس کی اختتامی تقریب سے مہمان خصوصی ڈائریکٹر آپریشن ستارہ کیمیکل فرخ اقبال قریشی کا خطاب



81ویں اپر ٹیکنیکل سبورڈینیٹس سٹاف کورس کے اختتام پر مہمان خصوصی فرخ اقبال قریشی ڈائریکٹر آپریشن ستارہ کیمیکل اور انجینئر مرتضیٰ بوہرہ پرنسپل واپڈا اکیڈمی فرسٹ پوزیشن حاصل کرنے پر عبدالوحید ایس ایس اوون کو شیلڈ اور سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

واپڈا انجینئرنگ اکیڈمی فیصل آباد میں 81ویں اپر ٹیکنیکل سبورڈینیٹس سٹاف کیلئے چھ ہفتوں پر محیط کورس کا انعقاد۔ یہ کورس ایل ایس ون/ ایس ایس اوون سے جونیئر انجینئرز کی پروموشن کیلئے منعقد کیا گیا جس میں ملک بھر سے مختلف پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے 49 ملازمین نے شرکت کی، جن میں فیسکو (فیصل آباد)، آئیسکو (اسلام آباد)، اے سی پی، سیپکو (سکھر)، گیپکو (گوجرانوالہ)، ٹیسکو (ٹرائبل ایریا)، پیسکو (پشاور) اور کیسکو (کوئٹہ) کے ملازمین شامل تھے۔ کورس کے نتائج کے مطابق فیسکو کے عبدالوحید (ایس ایس او ون) نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مجموعی طور پر پہلی پوزیشن حاصل کی۔ لیسکو کے ابوبکر ((ایل ایس ون) نے دوسری پوزیشن جبکہ آئیسکو کے راجہ وسیم عباس (ایل ایس ون) اور لیسکو کے عاطف علی (ایل ایس ون) نے مشترکہ طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی فرخ اقبال قریشی ڈائریکٹر آپریشن ستارہ کیمیکل اور انجینئر مرتضیٰ بوہرہ پرنسپل واپڈا اکیڈمی نے کورس میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر عبدالوحید کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ کورس فیلڈ سٹاف کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنے اور مستقبل کے جونیئر انجینئرز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے خصوصاً عبدالوحید کو شاندار کارکردگی پر سراہا اور ان کے لیے مزید کامیابیوں کی دعا کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسے کورسز ملازمین کو نہ صرف تکنیکی لحاظ سے مضبوط کرتے ہیں بلکہ انہیں ادارے کی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ کورس کے اختتام پر مہمان خصوصی اور دیگر نے شرکاء میں اسناد تقسیم کیں اور بہترین کارکردگی دکھانے والوں کو خصوصی تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔

فیسکو ریجن میں صارفین کے مسائل فوری ازالہ کیلئے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہریوں کے انعقاد کا سلسلہ جاری

ماہ جنوری کے دوران فیسکو ریجن کے چھ آپریشن سرکلز کی تمام سب ڈویژنوں میں کل 823 کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا

خراب میٹروں کی تبدیلی، بجلی کی بندش، خراب ٹرانسفارمرز اور نیو کنکشنز سمیت 4867 مختلف شکایات کا ازالہ کیا گیا

وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینیر محمد عامر کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں فیسکو ریجن میں صارفین بجلی کے مسائل فوری طور پر ان کی دہلیز پر حل کرنے کیلئے دن گیارہ بجے سے دوپہر ایک بجے تک روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہریوں کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے۔ کھلی کچہریوں میں فیسکو کے اعلیٰ افسران بھی عوام الناس کے بجلی سے متعلقہ مسائل کے حل کیلئے شرکت کر رہے ہیں تاکہ عوام کے مسائل کو با آسانی اور وقت پر مروجہ قوانین کے تحت اور میرٹ پر حل کیا جا سکے۔ صارفین بجلی کی جانب سے فیسکو کو اس اقدام کو بے حد سراہا جا رہا ہے۔ صارفین کھلی کچہریوں میں بھرپور شرکت کریں اور اپنے بجلی سے متعلقہ مسائل کا فوری ازالہ ممکن بنائیں۔ ماہ جنوری کے دوران فیسکو ریجن کی تمام سب ڈویژنوں میں کل 823 کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا جس میں میں عوام الناس کی طرف سے اوور بلنگ، خراب میٹروں کی تبدیلی، بجلی بندش، خراب ٹرانسفارمرز اور نیو کنکشنز کی کل 4867 شکایات موصول ہوئیں جن کا فوری ازالہ کیا گیا۔ صارفین کی طرف سے کھلی کچہریوں میں پیش کی جانے والی شکایات میں اوور بلنگ کی 8، خراب میٹروں کی تبدیلی کی 596، بجلی بندش کی 2487، خراب ٹرانسفارمر کی 175، نئے بجلی کنکشنز کی تنصیب کیلئے 248 جبکہ 1353 دیگر شکایات شامل تھیں۔ تفصیلات کے مطابق فیسکو فرسٹ سرکل میں کل 1231، سیکنڈ سرکل میں کل 372، جھنگ سرکل میں 399، سرگودھا سرکل میں 188، میانوالی سرکل میں 620 جبکہ ٹوبہ ٹیک سنگھ سرکل میں موصول 2058 شکایات پر کارروائی کی گئی اور ان کا جلد ازالہ ممکن بنایا گیا۔

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) علامہ اقبال سب ڈویژن فیسکو فیصل آباد کے لائن سپرنٹنڈنٹ سیکنڈ اصغر علی ولد دوست محمد آپ مورخہ 03-10-2025 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 308/C-1859 بتاریخ 17-12-2025 اور لیٹر نمبر 325/C-1859 بتاریخ 17-12-2025 اور لیٹر نمبر 325/C-1859 بتاریخ 29-12-2025 جاری کیے گئے اور ہدایت کی گئی کہ اپنا جواب دفتر ہذا کو جمع کروائیں لیکن آپ نے ان کا کوئی جواب نہ دیا اور نہ ہی اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوئے۔ بعد ازاں مورخہ 13-02-2026 کو آپ کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت / وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) سیکنڈ سرکل فیسکو فیصل آباد



FESCO News Online

فیسکو نیوز کی سوفٹ کاپی فیسکو کی ویب سائیٹ www.fesco.com.pk پر بھی پوسٹ کی گئی ہے۔ قارئین اس سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے ویب سائیٹ کا وزٹ کریں۔

For feedback
0419220282
fescopublicrelations@gmail.com

شعبہ تعلقات عامہ
فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ، عبداللہ پور فیصل آباد

عید مبارک

فیسکو کی اولین ترجیح بلاتعطل بجلی کی فراہمی

عید الفطر کے پرمسرت موقع پر صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے

فیسکو ہے پرعزم اور ہر لمحہ تیار

صارفین عید الفطر کی تعطیلات کے دوران بجلی کی ترسیل میں تعطل، خرابی کی اطلاع یا کسی معلومات کے حصول کیلئے

فیسکو ہیڈ کوارٹرز کے مرکزی کنٹرول روم، پاور سمارٹ ایپ، ہیلپ لائن، میسج سروس اور آپریشن سرکلز کے شکایات سنٹرز پر رابطہ کر کے اپنی شکایات کا اندراج کروائیں جس پر فوری ایکشن لیا جائے گا

ٹول فری نمبر	فیسکو ہیڈ کوارٹرز مرکزی مانیٹرنگ سیل	ہیلپ لائن / میسج سروس
0800 66554	041-9220618	118 / 8118

فرسٹ سرکل	سیکنڈ سرکل	جھنگ سرکل	سرگودھا سرکل	میانوالی سرکل	ٹوبہ سرکل
041-9200641	041-9330063	047-9200220	048-9232378	0459-920033	046-9201119
0370-1813109	0370-1813207	0370-1813302	0370-1813409	0370-1813506	0370-1813609

https://www.facebook.com/fesco.com.pk
https://www.instagram.com/fesco_official13/
https://www.linkedin.com/company/fesco-official
https://www.youtube.com/@fesco.official
https://www.tiktok.com/@fesco.official

پاور سمارٹ موبائل ایپ

118

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)

ویسٹ کینال روڈ، فیصل آباد | www.fesco.com.pk | ٹول فری نمبر 0800-66554 | ہیلپ لائن 118